# حکومتِ پاکستان

# جولائی

# ۲۰۲۶

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





## ہفتہ - ۲

## ۸-۱۴ جولائی


**قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز**

**محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۲\۸**

**اسلام آباد، پاکستان**


# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

فون: 051 -9250598
فیکس: 051 -9250368


## هفتہ وار موسم کی صورتحال

۱۵جولائی۲۰۲۶

جولائی۲۰۲۶ کے دوسرے ہفتے (۸ تا۱۴جولائی) کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں ہلکی سے معتدل بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر ۱ میں بارش کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق کشمیر، پنجاب، خیبر پختونخوا ، گلگت بلتستان اور شمالی بلوچستان میں بارش کی مقدار ۱۰۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کی گئی۔اس کے برعکس، جنوبی پنجاب کے بعض حصے، بلوچستان کا بیشتر علاقہ اور سندھ زیادہ تر خشک رہے۔تصویر ۲ میں ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے موسمیاتی حوالہ جاتی دورانیے کی بنیاد پر ہفتہ وار معمول کے مقابلے میں بارش کا انحراف دکھایا گیا ہے۔ملک بھر میں بارش معمول سے کم رہی، جہاں انحراف منفی ۷۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا، جو ملک کے بالائی حصوں میں زیادہ نمایاں تھا۔تاہم، پنجاب کے بعض علاقوں اور گلگت بلتستان میں معمول سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی، جہاں مثبت انحراف ۷۰ ملی میٹر تک رہا۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں مذکورہ ہفتے کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجۂ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دیکھائی گئی ہے۔اس عرصے کے دوران ملک میں اوسط درجۂ حرارت تقریباً۱۶ سے ۳۸ڈگری کے درمیان رہا۔نسبتاً کم درجۂ حرارت، جو ۱۶ سے ۳۰ڈگری کے درمیان تھا، شمالی بلوچستان اور ملک کے بالائی حصوں، بشمول گلگت بلتستان، کشمیر، شمالی پنجاب اور بالائی خیبر پختونخوا میں ریکارڈ کیا گیا۔اس کے برعکس، جنوبی اور مغربی علاقوں میں نسبتاً زیادہ درجۂ حرارت ۳۰ سے ۳۸ڈگری کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔تصویر ۴ میں ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے موسمیاتی حوالہ جاتی دورانیے کی بنیاد پر ہفتہ وار معمول کے مقابلے میں اوسط درجۂ حرارت کا انحراف پیش کیا گیا ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجۂ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہا، جہاں مثبت انحراف ۴ڈگری تک ریکارڈ کیا گیا۔تاہم، پنجاب کے بعض حصوں، بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں اوسط درجۂ حرارت معمول سے کم رہا، جہاں انحراف منفی ۳ ڈگری تک ریکارڈ کیا گیا۔





تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں مذکورہ ہفتے کے دوران بارش کی موسمیاتی اوسط کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے معمولی دورانیے پر مبنی ہے۔اس عرصے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں عموماً ۳۰ ملی میٹر تک بارش ریکارڈ کی جاتی ہے، جبکہ بالائی علاقوں، بشمول بالائی پنجاب، کشمیر اور خیبر پختونخوا کے ملحقہ علاقوں میں عام طور پر ۱۰۰ ملی میٹر تک بارش ہوتی ہے۔ تصویر ۶ میں مذکورہ ہفتے کے دوران معمول کے اوسط درجۂ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دیکھائی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے موسمیاتی حوالہ جاتی دورانیے پر مبنی ہے۔ ملک بھر میں معمول کا اوسط درجۂ حرارت ۲۰ سے ۳۸ ڈگری کے درمیان رہتا ہے۔ملک کے بالائی حصوں، بشمول بلوچستان کے بعض علاقوں، میں معمول کے مطابق درجۂ حرارت ۲۰ سے ۳۰ ڈگری کے درمیان ریکارڈ کیا جاتا ہے، جبکہ وسطی اور جنوبی علاقوں میں اوسط درجۂ حرارت عموماً ۳۰ سے ۳۸ ڈگری کے درمیان رہتا ہے۔




تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ میں ۷ تا ۱۳ جولائی ۲۰۲۶ کے دوران ناسا GRACE-FO کے ڈیٹا سے اخذ کردہ خشک سالی کے اشاریوں کی بنیاد پر سطحی زمین پر نمی کے فیصدی درجات (Percentiles) پیش کیے گئے ہیں، جن کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸-۲۰۱۲) سے کیا گیا ہے۔ کم فیصدی درجات، جو سرخ رنگ میں ظاہر کیے گئے ہیں، معمول سے خشک حالات کی نشاندہی کرتے ہیں، جبکہ زیادہ فیصدی درجات، جو سبز رنگ میں دیکھائے گئے ہیں، معمول سے زیادہ مرطوب حالات کو ظاہر کرتے ہیں۔ بلوچستان کے متعدد علاقوں، خیبر پختونخوا کے بیشتر حصوں، کشمیر، گلگت بلتستان اور پنجاب میں سطحی زمین پر نمی معمول سے کم ریکارڈ کی گئی، جو آبی دباؤ کی صورتحال کی نشاندہی کرتی ہے۔اس کے برعکس، مشرقی بلوچستان اور سندھ سے ملحقہ علاقوں میں سطحی زمین پر نمی معمول سے قدرے زیادہ ریکارڈ کی گئی۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## ۱۵ سے ۲۱ جولائی کے دوران موسم کی پیشنگوئی

۱۱۵ تا ۱۸ جولائی ۲۰۲۶ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں گرم اور انتہائی مرطوب موسم متوقع ہے۔اس دوران کشمیر، بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، شمال مشرقی پنجاب، خطۂ پوٹھوہار اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں بالخصوص شام اور رات کے اوقات میں چند مقامات پر بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے۔۱۹ تا ۲۰ جولائی کے دوران بارش کی شدت میں اضافے کی توقع ہے، جس کے نتیجے میں بالائی پنجاب، اسلام آباد، خیبر پختونخوا اور کشمیر میں متعدد مقامات پر بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے، جبکہ ۲۰ جولائی کو چند مقامات پر موسلادھار بارش بھی متوقع ہے۔اس دوران شمال مشرقی بلوچستان اور گلگت بلتستان میں بھی چند مقامات پر بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے، جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں گرم اور مرطوب موسم برقرار رہنے کی توقع ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

July

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE





# WEEK-2

## 8th- 14th July

**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 15th July, 2026

# Weekly Weather Update

During the second week of July 2026 (8-14 July), light to moderate rainfall was recorded in various parts of the country. Figure 1 illustrates the spatial distribution of rainfall, indicating rainfall amounts of up to 100 mm over Kashmir, Punjab, Khyber Pakhtunkhwa (KP), Gilgit Baltistan (GB) and northern Balochistan. In contrast, parts of southern Punjab, most of Balochistan and Sindh remained predominantly dry. Figure 2 shows the departure of rainfall from the weekly normal based on the 1991-2020 climatological period. Rainfall remained below normal across the country with negative departures of up to -70 mm and more pronounced over upper parts of the country. However, above-normal rainfall of up to 70 mm was recorded in GB and parts of Punjab, including Mianwali, where the departure of rainfall remained well above-normal.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 depicts the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the said week. Mean temperatures ranged from approximately 16°C to 38°C across the country. Relatively lower temperatures, ranging from 16°C to 30°C, were recorded over northern Balochistan and the upper parts of the country, including GB, Kashmir, northern Punjab and upper KP. Higher temperatures, ranging from 30°C to 38°C, were observed over southern and western parts of the country. Figure 4 presents the departure of mean temperature from the weekly climatological normal based on the 1991-2020 period. During the week, mean temperatures remained slightly above-normal in most parts of the country (up to 4°C above-normal). However, parts of Punjab, upper KP and GB recorded up to -3°C below-normal mean temperatures.





*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*





*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 shows the climatological average spatial distribution of rainfall for said week, based on the 1991-2020 normal period. Most parts of the country typically receive up to 30 mm of rainfall during this period, while upper regions including upper Punjab, Kashmir, and adjoining areas of KP generally receive up to 100 mm. Figure 6 presents the spatial distribution of normal mean temperature during the week based on the 1991-2020 climatology. The normal mean temperature across the country ranges from 20°C to 38°C. Upper parts of the country, including parts of Balochistan, normally record temperatures between 20°C and 30°C, whereas central and southern parts of the country record temperatures between 30°C and 38°C.





*Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)*





*Figure 6: Spatial Distribution of normal temperature (°C)*

Figure 7 illustrates surface soil moisture percentiles based on NASA GRACE-FO data-assimilated drought indicators for the period from 07 to 13 July 2026, compared with the long-term average (1948-2012). Lower percentiles, shown in red shades, indicate drier-than-normal conditions, while higher percentiles, shown in green shades, indicate wetter-than-normal conditions. Below-normal surface soil moisture conditions were observed over several parts of Balochistan, most parts of KP, Kashmir, GB, and Punjab, indicating soil moisture stress. Conversely, slightly above-normal moisture conditions were observed over eastern Balochistan and adjoining areas of Sindh.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## Forecast for 15th to 21th July, 2026

From 15-18 July 2026, hot and very humid weather is expected to prevail over most parts of the country, with isolated rain-wind/thundershowers likely in Kashmir, upper KP, GB, northeast Punjab, Potohar region, and adjoining hilly areas, mainly during the evening and night. During 19-20 July, rainfall is expected to intensify, bringing scattered to widespread rain-wind/thundershowers over upper Punjab, Islamabad, KP, and Kashmir, with isolated heavy falls on 20 July. Isolated rain-wind/thundershowers are also likely in northeast Balochistan and GB, while hot and humid weather will persist over the remaining parts of the country.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php